© rasailojaraid.com

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

امن و صلح و آشتی کا وہ رہا دائم سفیر

شیخ الحدیث خطیب بے بدل حضرت مولانا نور محمد صاحب وزیرستانی کی شہادت پر رثائیہ اشعار

ایک عالم بے بدل تھے ایک فاضل بے نظیر — بالیقین وہ ایک علامہ رہے روشن ضمیر
ان کے علم وفن پہ نازاں تھا جہانِ آگہی — ان کی تقریر و خطابت کا تھا اک عالم اسیر
نیر تابانِ حکمت بس رہا ان کا وجود — خطہ دانا وزیرستان ان سے مستنیر
بزم یاراں مین رہا مثل بریشم نرم خو — دشمنانِ دینِ قیم کے لئے سیفِ مبیر
ان کے انگ انگ سے عیاں علمی وقار وتمکنت — امن و صلح و آشتی کا وہ رہا دائم سفیر
پیکر صدق صفا و عکس اخلاص و تقیٰ — کاروانِ عزم وہمت کے ددانوں کا امیر
درس و تصنیفِ کتب محبوب ان کا مشغلہ — شوکتِ شاہی رہی بس ان کی نظروں میں حقیر
ماہِ رمضان میں ملی ان کو شہادت مرحبا — یہ سعادت اللہ نعمتِ ربٌ قدیر
عشرۂ غفران میں پیک اجل آیا اسے — طالع بیدار پر حیراں رہے برنا و پیر
نور افگن چہرہ انور تھا درخونین کفن — اس ضیاء پر رشک افشاں قسمت بدر منیر
ان کے مرگِ ناگہانی پر فضا ماتم کناں — غم ہے بس ہرتن پہ طاری اور ماتم ملک گیر

جنت الفردوس ان کا ہو مرے مولا مقام
گرقبول افتد دعا ہے فانیٔ بیمار فقیر

© rasailojaraid.com